Hadees in Urdu

ابن عباس ؓ کہتے ہیں:

نبی ﷺ نے صدقہ فطر روزہ دار کو فحش اور بیہودہ باتوں سے پاک کرنے، اور مسکینوں کی خوراک کیلئے فرض قرار دیا. لہٰذا جس نے اسے نماز عید سے پہلے ادا کر دیا تو یہ مقبول ہے، اور جس نے نماز کے بعد ادا کیا تو وہ عام صدقات میں سے ایک صدقہ ہے.

ماجہ 1827
(ابوداؤد 1609)

Hadees in Urdu

مفہوم احادیث: ابوداؤد 4753؛ مشکوٰۃ 131؛ مسند احمد 3028؛ بخاری 1374؛ ترمذی 1071

قبر میں تدفین کے بعد دو فرشتے (منکر نکیر) انسان کے پاس آتے ہیں اور اسے بٹھا کر پوچھتے ہیں:

تیرا رب کون ہے؟
تیرا دین کیا ہے؟
وہ آدمی جو تم میں مبعوث کئے گئے تھے، وہ کون تھے؟
یہ سب تمہیں کس نے بتایا؟

Hadees in Urdu

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

جس نے کسی مسلمان کی پردہ پوشی کی، اللہ تعالیٰ دنیا اور آخرت میں اس کی پردہ پوشی کرے گا.

صحیح مسلم 6853
ترمذی 1930، 2945، 1425؛ ابوداؤد 4946؛ (ابن ماجہ 225)

Hadees in Urdu

قالَ ﷺ:

بیشک اس امت کے لوگوں کا ان کی قبروں میں امتحان لیا جائے گا.. اگر ایسے نہ ہوتا کہ تم دفن کرنا چھوڑ دو گے تو میں اللّٰہ سے دعا کرتا کہ وہ عذاب قبر تمہیں سنا دے جو میں سن رہا ہوں. پھر آپ ﷺ نے فرمایا: جہنم کے عذاب سے اللّٰہ کی پناہ طلب کرو.

مشکوٰۃ 129

(مسلم 7213؛ نسائی 2060)

Hadees in Urdu

صحابہ کرامؓ نے عرض کیا کہ یا رسول اللّٰہ! کیا ہمیں جانوروں کے ساتھ نیکی کرنے میں بھی ثواب ملتا ہے؟ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ: "تمہیں ہر تازہ کلیجے والے (جاندار) پر نیکی کرنے میں ثواب ملتا ہے."

بخاری 6009

(بخاری 2363، 2466؛ مسلم 5859؛ ابوداؤد 2550؛ مسند احمد 9207)

Hadees in Urdu

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

جس نے کسی مسلمان کی پردہ پوشی کی، اللہ تعالیٰ دنیا اور آخرت میں اس کی پردہ پوشی کرے گا.

صحیح مسلم 6853

ترمذی 1930، 2945، 1425؛ ابوداؤد 4946؛)

Hadees in Urdu

ابن عمرؓ کہتے ہیں:

رسول اللہ ﷺ نے مسلمانوں کے ہر غلام و آزاد، مرد و عورت، اور چھوٹے بڑے پر ایک صاع کھجور یا ایک صاع جَو صدقہ فطر فرض فرمایا. اور حکم فرمایا کہ اسے نماز عید کیلئے روانہ ہونے سے پہلے ادا کر دیا جائے.

(1 صاع = تقریباً 2.7 کلو)

بخاری 1503

(مسلم 2278؛ مشکوٰۃ 1815)

Hadees in Urdu

حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں کہ:

نبی کریم ﷺ کو اس طرح کھل کر کبھی ہنستے نہیں دیکھا کہ آپ کے حلق کا کوا نظر آنے لگتا ہو، آپ ﷺ صرف مسکراتے تھے.

صحیح بخاری 6092
(مشکوٰۃ المصابیح 5814؛ ابوداؤد 5098)

Hadees in Urdu

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

بخیل وہ ہے جس کے سامنے میرا ذکر کیا جائے
اور پھر بھی وہ مجھ پر صلاۃ (درود) نہ بھیجے.

جامع ترمذی 3546
(مشکوۃ المصابیح 993؛ مسند احمد 5707)

Hadees in Urdu

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

جو شخص میرے اوپر ایک بار صلاۃ (درود) بھیجے گا، تو اللہ اس پر دس بار صلاۃ (درود و رحمت) بھیجے گا؛ اور اس کے دس گناہ معاف؛ اور دس درجے بلند کر دیئے جائیں گے!

سنن نسائی 1298

Hadees in Urdu

جس نے رسول کی اطاعت کی اس نے دراصل
اللّٰہ کی اطاعت کی.
[سورة النساء، 4:80]

اے ایمان والو! اللّٰہ کی اطاعت کرو، اور رسول
کی اطاعت کرو
[سورة محمد، 47:33]

Hadees in Urdu

قالَ ﷺ:

"ساری امت جنت میں جائے گی سوائے ان کے جنھوں نے انکار کیا". صحابہ نے عرض کیا: یا رسول اللہ! انکار کون کرے گا؟ فرمایا: "جو میری اطاعت کرے گا وہ جنت میں داخل ہوگا، اور جو میری نافرمانی کرے گا اس نے انکار کیا."

بخاری 7280
(السلسلة الصحيحة 2484، مسند احمد 12480؛ مشکوٰۃ 143)

Hadees in Urdu

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

مجھے لیلۃ القدر دکھائی گئی، لیکن بھلا ڈالی گئی یا میں خود بھول گیا. اس لئے تم اسے آخری عشرہ کی طاق راتوں میں تلاش کرو.

صحیح بخاری 2016
ابن ماجہ 1766؛ مسلم 2772؛ نسائی 1357؛ (مسند احمد 4026)

Hadees in Urdu

قالَ ﷺ:

رب تعالیٰ اپنے بندے سے سب سے زیادہ قریب رات کے آخری نصف حصے کے درمیان میں ہوتا ہے. تو اگر تم ان لوگوں میں سے ہو سکو جو رات کے اس حصے میں اللّٰہ کا ذکر کرتے ہیں تو تم بھی اس ذکر میں شامل ہو کر ان لوگوں میں سے ہو جاؤ (یعنی تہجد پڑھو).

ترمذی 3579
(نسائی 573، ماجہ 1364)

Hadees in Urdu

[سورة الحجرات، 49:1]

اے ایمان والو! اللّٰه اور اس کے رسول کے آگے نہ بڑھا کرو، اور اللّٰه سے ڈرتے رہو.

[سورة الحشر، 59:7]

اور رسول تمہیں جو کچھ دیں وہ لے لو، اور جس چیز سے منع کریں اس سے رک جاؤ. اور اللّٰه سے ڈرتے رہو.

Hadees in Urdu

قالَ ﷺ:

سب سے سچی بات (کلام) اللہ کی کتاب ہے اور سب سے بہترین طریقہ محمدﷺ کا طریقہ ہے. اور (دین میں) بدترین کام نئے کام ہیں، اور ہر نیا کام بدعت ہے اور ہر بدعت گمراہی ہے، اور ہر گمراہی جہنم میں لےجانے والی ہے.

نسائی 1579
مسلم 2005؛ ماجہ 45؛ مسنداحمد 336،
11082)؛ مشکوٰۃ 141

Hadees in Urdu

ایک صحابی نے آپﷺ سے پوچھا کہ میرے اچھے سلوک کا سب سے زیادہ حقدار کون ہے؟ فرمایا کہ تمہاری ماں ہے. پوچھا اس کے بعد کون ہے؟ فرمایا کہ تمہاری ماں ہے. انہوں نے پھر پوچھا اس کے بعد کون ہے؟ فرمایا کہ تمہاری ماں ہے. پھر پوچھا اس کے بعد کون ہے؟ فرمایا کہ پھر تمہارا باپ ہے.

بخاری 5971

Hadees in Urdu

جاہمہؓ نبی ﷺ کے پاس آئے اور کہا اے اللہ کے رسول! میں جہاد کرنے کا ارادہ رکھتا ہوں، آپ سے مشورہ لینے آیا ہوں، آپ ﷺ نے فرمایا:

کیا تمہاری ماں موجود ہے؟ انہوں نے کہا: جی ہاں، آپ نے فرمایا: انہیں کی خدمت میں لگے رہو، کیونکہ جنت ان کے دونوں قدموں کے نیچے ہے۔

نسائی 3106
(ماجہ 2781)

Hadees in Urdu

آپ نے ﷺ نے فرمایا:
قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک زمین میں اللہ، اللہ کہنا ختم نہ ہو جائے.
مسند احمد 12903
(صحیح مسلم 375، جامع ترمذی 2207؛ مشکوٰۃ 5516)

آپ نے ﷺ نے فرمایا:
کسی ایسے شخص پر قیامت قائم نہ ہوگی جو اللہ، اللہ کہتا ہوگا.
صحیح مسلم 376

Hadees in Urdu

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

دنیا کی مثال آخرت کے سامنے ایسی ہے جیسے تم میں سے کوئی شخص اپنی انگلی سمندر میں ڈبوئے، اور پھر دیکھے کہ اس کی انگلی سمندر کا کتنا پانی اپنے ساتھ لائی ہے.

جامع ترمذی 2323
(صحیح مسلم 7197؛ ابن ماجہ 4108؛ مسند احمد 10083)

Hadees in Urdu

عبداللہ بن مسعودؓ کہتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

مجھے دن‌یا سے کیا مطلب ہے.. میری اور دنیا کی مثال ایسی ہے جیسے ایک سوار ہو جو ایک درخت کے نیچے سایہ حاصل کرنے کے لئے بیٹھے، پھر وہاں سے کوچ کر جائے اور درخت کو اسی جگہ چھوڑ دے.

ترمذی 2377
(ابن ماجہ 4109؛ السلسلة الصحيحة 1387)

Hadees in Urdu

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

ہر وہ آدمی جو بد مزاج، متکبر، مال و دولت
جمع کرنے والا، اور بخیل ہو، وہ "جہنمی" ہے..
اور جو لوگ دنیوی لحاظ سے کمزور اور مغلوب
سمجھے جاتے ہوں، وہ "جنتی" ہیں.

مسند احمد 13186

Hadees in Urdu

آپ ﷺ نے فرمایا:

دو کلمے جو زبان پر ہلکے ہیں (مختصر اور پڑھنے میں آسان) لیکن میزان پر (ترازو پر) بھاری ہیں، اور اللّٰہ کے یہاں پسندیدہ ہیں وہ یہ ہیں:

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہِ،
سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیمِ.

بخاری 6682
(مسلم 6846، ترمذی 3467، ماجہ 3806،
مسند احمد 5463)

Hadees in Urdu

براء بن عازبؓ نے بیان کیا کہ:

ہم نے نبی کریم ﷺ کے ساتھ سولہ (16) یا سترہ (17) مہینے تک بیت المقدس کی طرف منہ کر کے نماز پڑھی۔ پھر اللہ تعالیٰ نے ہمیں کعبہ کی طرف منہ کرنے کا حکم دیا.

صحیح بخاری 4492
(صحیح مسلم 1177؛ سنن نسائی 489)

Hadees in Urdu

قالَ ﷺ:

ماتحت لوگ تمہارے بھائی ہیں. تو جسکے ماتحت اسکا کوئی بھائی ہو تو اسکو بھی وہی کھلائے جو آپ کھاتاہے اور وہی کپڑا اسے پہنائے جو آپ پہنتا ہے. اور انکو اتنے کام کی تکلیف نہ دو کہ ان کیلئے مشکل ہوجائے اور اگرکوئی سخت کام ڈالو توتم خود بھی انکی مدد کرو.

بخاری 31
(مسلم 4315)

Hadees in Urdu

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

اس بات کو اچھی طرح جان لو! کہ تم میں سے
کوئی بھی مرنے تک اپنے رب عزوجل کو ہرگز
نہیں دیکھ سکے گا

صحیح مسلم 7356
(جامع ترمذی 2235)

Hadees in Urdu

[سورۃ الشوری، 42:51]
اور کسی انسان میں یہ طاقت نہیں ہے کہ اللّٰہ
اس سے (روبرو) بات کرے، سوائے اس کے کہ
وہ وحی کے ذریعے ہو، یا کسی پردے کے پیچھے
سے، یا پھر وہ کوئی پیغام لانے والا (فرشتہ)
بھیج دے.

Hadees in Urdu

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

جو شخص کسی غیب کی خبریں سنانے والے (نجومی یا غیب گو) کے پاس آئے اور اس سے کسی چیز کے بارے میں پوچھے، تو چالیس (40) راتوں تک اس شخص کی نماز قبول نہیں ہوتی!

صحیح مسلم 5821
(مسند احمد 6816؛ مشکوٰۃ 4595)

Hadees in Urdu

رسول اللّٰہ ﷺ نے فرمایا: کھانا کھا کر اللّٰہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنے والا، (اجر و ثواب میں) صبر کرنے والے روزہ دار کے برابر ہے

جامع ترمذی 2486 (ابن ماجہ 1765، 1764)؛ مشکوٰۃ 4205

Hadees in Urdu

آپ ﷺ نے فرمایا:

سفید کپڑے پہنو.. کیونکہ یہ پاکیزہ اور عمدہ لباس ہیں، اور اِنہی سفید کپڑوں کا اپنے مُردوں کو کفن دو.

جامع ترمذی 2810
جامع ترمذی 994؛ ابوداؤد 3878، 4067؛) ابن ماجہ 1472، 3567، 3566؛ سنن نسائی 1897؛ مسند احمد 3112

Hadees in Urdu

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص لباس پہن کر یہ دعا پڑھتا ہے: "ہر قسم کی حمد اللہ کے لئے ہے جس نے مجھے یہ پہنایا اور میرے تصرف و قوت کے بغیر اسے مجھے عطا فرمایا".. تو اس شخص کے سابقہ گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں

مشکوۃ المصابیح 4343 (ابوداؤد 4023؛ جامع ترمذی 3458)

Hadees in Urdu

قالَ ﷺ:

"روزہ دار کی دعا افطار کے وقت رد نہیں کی جاتی."

راوی حدیث، عبداللہ بن عمرو بن العاص ؓ جب افطار کرتے تو یہ دعا پڑھتے:"اللهم إني أسألك برحمتك التي وسعت كل شيء أن تغفر لي"
(اے اللہ! میں تیری رحمت کے ذریعہ سوال کرتا ہوں جو ہر چیز کو وسیع ہے کہ مجھے بخش دے)

ابن ماجہ 1753

Hadees in Urdu

آپ ﷺ نے فرمایا:

اللہ عزوجل رات کو اپنا دست (رحمت) پھیلا دیتا ہے تاکہ دن کو گناہ کرنے والا توبہ کرے، اور دن کو اپنا دست (رحمت) پھیلا دیتا ہے تاکہ رات کو گناہ کرنے والا توبہ کرے.. (اور وہ اس وقت تک یہی کرتا رہے گا) یہاں تک کہ سورج مغرب سے طلوع ہو جائے (یعنی قیامت تک).

مسلم 6989

Hadees in Urdu

مفہوم احادیث: ابوداؤد 4753؛ مشکوٰۃ 131؛ مسند احمد 3028؛ بخاری 1374؛ ترمذی 1071

قبر میں تدفین کے بعد دو فرشتے (منکر نکیر) انسان کے پاس آتے ہیں اور اسے بٹھا کر پوچھتے ہیں:

تیرا رب کون ہے؟
تیرا دین کیا ہے؟
وہ آدمی جو تم میں مبعوث کئے گئے تھے، وہ کون تھے؟
یہ سب تمہیں کس نے بتایا؟

Hadees in Urdu

حضرت انس ؓ بیان کرتے ہیں کہ:

نبی اکرم ﷺ رمضان کے آخری عشرے میں اعتکاف کرتے تھے، ایک سال آپ ﷺ اعتکاف نہیں کر سکے تو جب اگلا سال آیا تو آپ نے بیس (20) دن کا اعتکاف کیا.

جامع ترمذی 803
(مشکوٰۃ 2102؛ ابن ماجہ 1770؛ مسند احمد 3997)

Hadees in Urdu

ام المؤمنین حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں کہ:

نبی کریم ﷺ اپنی وفات تک برابر رمضان کے آخری عشرے میں اعتکاف کرتے رہے.. اور آپ ﷺ کے بعد آپ ﷺ کی ازواج مطہرات اعتکاف کرتی رہیں.

بخاری 2026
(مشکوٰۃ 2097؛ مسلم 2784؛ ترمذی 790؛ ابوداؤد 2463؛ مسند احمد 4008)

Hadees in Urdu

آپ ﷺ نے فرمایا:

مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ

"میں جس کا مولیٰ ہوں، علیؓ بھی اس کا مولیٰ ہے."
دوسری روایت کے الفاظ یہ ہیں: "میں جس کا دوست ہوں، علی رضی اللہ عنہ بھی اس کے دوست ہیں۔"

مسند احمد 10958
(ترمذی 3713؛ ابن ماجہ 121؛ مشکوٰۃ 6082؛ السلسلة الصحيحة 3589)

Hadees in Urdu

حضرت علیؓ فرماتے ہیں:

اس ذات کی قسم جس نے دانے کو پھاڑا اور روح کو تخلیق کیا! نبی امی ﷺ نے مجھے بتا دیا تھا کہ: "میرے ساتھ مومن کے سوا کوئی محبت نہیں کرے گا، اور منافق کے سوا کوئی بغض نہیں رکھے گا".

مسلم 240
ترمذی 3736؛ ماجہ 114؛ نسائی 5021، 5025؛
(مسند احمد 12295، 12297

Hadees in Urdu

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

شب قدر کو رمضان کے آخری عشرہ کی طاق راتوں میں ڈھونڈو.

صحیح بخاری 2017
(مشکوٰۃ المصابیح 2083؛ مسند احمد 4028)

Hadees in Urdu

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

ہر پیدا ہونے والا بچہ دین فطرت (اسلام) پر پیدا ہوتا ہے.. لیکن اس کے ماں باپ اسے یہودی، نصرانی یا مجوسی بنا لیتے ہیں.

صحیح بخاری 4775
(صحیح بخاری 6599، 1358، صحیح مسلم 6755، 6758 - 6761، ترمذی 2138؛ ابوداؤد 4714؛ مشکوٰۃ المصابیح 90؛ مسند احمد 13252)

Hadees in Urdu

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

جس شخص نے امام کے ساتھ قیام کیا (یعنی تراویح پڑھی) یہاں تک کہ وہ (امام) فارغ ہو جائے، تو اس شخص کے لئے پوری رات کا قیام لکھا جائے گا.

جامع ترمذی 806
(ابن ماجہ 1327؛ نسائی 1365، 1606؛ مشکوٰۃ المصابیح 1298)

Hadees in Urdu

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

مَنْ يَقُمْ لَيْلَةَ الْقَدْرِ إِيمَانًا وَاحْتِسَابًا غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ

جو شخص شب قدر کا قیام، ایمان اور احتساب (اخلاص، ثواب اور اصلاح نفس) کے ساتھ کرے، تو اس کے گزشتہ گناہ بخش دیئے جاتے ہیں.

صحیح بخاری 35
(صحیح مسلم 1782)

Hadees in Urdu

حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے، کہا:

رسول اللہ ﷺ نے مرد کو زعفرانی رنگ (پہننے) سے منع فرمایا.

صحیح مسلم 5507

صحیح بخاری 5846؛ جامع ترمذی 2815؛ ابوداؤد (5179؛ سنن نسائی 2707 - 2709، 5258)

Hadees in Urdu

لوگوں نے عرض کیا: اللّٰہ کے رسول! کچھ لوگ جو جاہلیت سے نکل کر ابھی نئے نئے ایمان لائے ہیں، وہ ہمارے پاس گوشت لیکر آتے ہیں، ہم نہیں جانتے کہ ذبح کے وقت اللّٰہ کا نام لیتے ہیں یا نہیں تو کیا ہم اسمیں سے کھائیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: "بسم اللّٰہ کہہ کر کھاؤ."

ابوداؤد 2829
(بخاری 5507، 7398،نسائی 4441)

Hadees in Urdu

حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں:

رسول اللہ ﷺ جس قدر آخری عشرے میں (عبادت و سخاوت کرنے کی) کوشش کرتے تھے، وہ اس کے علاوہ کسی اور وقت نہیں کرتے تھے.

مشکوٰۃ المصابیح 2089
(مسلم 2788؛ جامع ترمذی 796؛ ابن ماجہ 1767)

Hadees in Urdu

حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں:

رسول اللہ ﷺ کی عادت مبارکہ تھی کہ جب رمضان کا آخری عشرہ آتا تو آپ ﷺ رات بھر جاگتے، اور گھر والوں کو بھی جگاتے، (عبادت میں) نہایت کوشش کرتے اور کمر بستہ ہوجاتے، ہمت باندھ لیتے تھے.

مسلم 2787
(بخاری 2024؛ مشکوٰۃ 2090؛ نسائی 1640؛ ابن ماجہ 1768)

Hadees in Urdu

قالَ ﷺ:

خبردار! میرے بعد ایسے حکمران آئیں گے جو جھوٹ بولیں گے اور ظلم کریں گے، جس نے ان کے جھوٹ کی تصدیق کی اور ظلم پر ان کی مدد کی، اس کا مجھ سے اور میرا اس سے کوئی تعلق نہیں!

مسند احمد 12078

(مسند احمد 12076، 12081، 12082، 12084؛ جامع ترمذی 2259؛ نسائی 4212، 4213)

Hadees in Urdu

قالَ ﷺ:

میرے بعد کچھ ایسے امیر ہوں گے کہ جو شخص ان کے "جھوٹ" میں ان کی تصدیق کرےگا اور ان کے "ظلم" میں ان کی مدد کرےگا، تو اس کا مجھ سےکوئی تعلق نہیں اور نہ اس سے میرا کوئی تعلق ہے. اور اسے میرے پاس حوض کوثر پر آنا نصیب نہیں ہوگا.

نسائی 4212، 4213
(ترمذی 2259؛ مسند احمد 12078)

Hadees in Urdu

[سورۃ الحجر، 15:26]
ھم نے انسان کو سڑے ہوئے گارے کی کھنکھناتی ہوئی "مٹی" سے پیدا کیا.

[سورۃ مومن، 40:67]
وہی ہے جس نے تمہیں مٹی سے پیدا کیا، پھر نطفے سے، پھر جمے ہوئے خون سے. پھر وہ تمہیں بچے کی شکل میں باہر لاتا ہے.

Hadees in Urdu

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

فرشتوں کو نور سے پیدا کیا گیا ہے؛ اور جنوں کو آگ کے شعلے سے؛ اور آدم علیہ السلام کو اس (مادے) سے پیدا کیا گیا ہے جس کو تمہارے لئے بیان کیا گیا ہے (یعنی مٹی سے).

صحیح مسلم 7495
(مشکوٰۃ 5701)

Hadees in Urdu

قالَ ﷺ:

"مؤمن" وہ ہے کہ لوگ اپنے مالوں اور جانوں کے معاملے میں جس سے امن میں رہیں؛ "مسلمان" وہ ہے کہ جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں؛ "مجاہد" وہ ہے جو اللّٰہ کی اطاعت کرنے میں اپنے نفس سے جہاد کرے؛ اور "مہاجر" وہ ہے جو خطاؤں اور گناہوں کو ترک کر دے".

مسند احمد 151

Hadees in Urdu

ایک شخص نے آپ ﷺ سے عرض کیا: اللہ کے رسول! ہم خادم کو (غلطی پر) کتنی بار معاف کریں؟ آپ ﷺ چپ رہے، پھر اس نے اپنی بات دھرائی، آپ پھر خاموش رہے، تیسری بار جب اس نے اپنی بات دھرائی تو آپ نے فرمایا: ہر دن ستر (70) بار اسے معاف کرو.

ابوداؤد 5164

(ترمذی 1949؛ مشکوٰۃ 3367؛ مسند احمد 5247)

Hadees in Urdu

عبداللہ بن عمرؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

أَعْطُوا الْأَجِيرَ أَجْرَهُ قَبْلَ أَنْ يَجِفَّ عَرَقُهُ

مزدور کو اس کی اجرت (مزدوری)، اس کا پسینہ خشک ہونے سے پہلے ادا کر دو.

ابن ماجہ 2443
(مشکوٰۃ المصابیح 2987)